# اُجالا انشورنس پلان




زندگی کی اصل خوشی اور اطمینان اس وقت ملتا ہے جب آپ اپنے پیاروں کو خوش اور محفوظ دیکھتے ہیں ۔ زندگی میں کئی ایسے نشیب و فراز آ سکتے ہیں جنھیں نظر انداز کرنا ممکن نہیں ہوتا ۔ مستقبل میں اپنی فیملی کو مالی پریشانی سے محفوظ رکھنا یقیناً ایک اسمارٹ آپشن ہے ۔

'اُجالا انشورنس پلان ' ایک مکمل پلان ہے جس میں آپ اپنی زندگی میں سیونگز اور سرمایہ کاری پر بہتر منافع کے ذریعے زندگی کا یہ تحفظ حاصل کر سکتے ہیں ۔ یہ پلان آج آپ کو عقلمندی سے سرمایہ کاری کرنے کا موقع فراہم کرے گا اور آپ کے پیاروں کو ایک روشن مستقبل دے گا ۔

## میں اُجالا انشورنس پلان کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

اس کے تین سادہ مراحل ہیں جو کہ یہ ہیں :

| | |
|---|---|
| مرحلہ نمبر 1 | پریمیئم کی رقم کا فیصلہ کریں جو آپ کو ادا کرنا ہوگی ۔ |
| مرحلہ نمبر 2 | دیئے گئے آپشنز میں سے اپنی ضروریات کے لیے بہترین تحفظ کا انتخاب کریں ۔ |
| مرحلہ نمبر 3 | پلان میں مزید فوائد حاصل کرنے کے لیے کوئی بھی اختیاری انشورنس فوائد کا انتخاب کریں ۔ |

## کیا میں اُجالا انشورنس پلان کے لیے اہل ہوں ؟

اگر آپ 18-65 سال کے ہیں تو آپ اُجالا انشورنس پلان کے لیے اہل ہیں ۔

## دستیاب مدت کی رینج کیا ہے ؟

دستیاب مدت کی رینج 10-57 سال ہے جو 75سال کی عمر پر میچوریٹی سے مشروط ہے ۔

## اُجالا انشورنس پلان کونسی حفاظت فراہم کرتا ہے ؟

اُجالا انشورنس پلان، خاص طور پر اُن افراد کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جو لائف انشورنس کے فوائد کے ساتھ ساتھ اپنی سیونگز / سرمایہ کاریوں پر بہتر منافع حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔

- **وفات کی صورت میں تحفظ**

آپ کی وفات کی صورت میں آپ کے نامزد کردہ بینیفیشریز کو بیمہ کی رقم یا آپ کے فنڈز کی جمع کردہ کیش ویلیو ملے گی ( جو بھی زیادہ ہو ) ۔

بیمہ کی رقم یقینی ہے جو وفات پر قابل ادا ہے ۔ بیمہ کی رقم کا حساب سالانہ بیسک پریمیئم کو کور ملٹی پل سے ضرب دے کر لگایا جاتا ہے ۔ اس پلان کے تحت کور ملٹی پل کی رینج 5-25 ہے ۔ لہٰذا ، بیمہ کی رقم سالانہ بیسک پریمیئم کا5-25 گنا ہو سکتی ہے۔

مثال کے طور پر ، اگر آپ کا سالانہ بیسک پریمیئم 300,000 روپے ہے اور آپ نے 5 کور ملٹی پلز کا انتخاب کیا ہے تو آپ کے بیمہ کی رقم *1,500,000 = 5 x 300,000 روپے ہوگی ۔

* پالیسی ہولڈ ر کو دستیاب کور ملٹی پلز کی رینج بیمہ زندگی لینے کی عمر اور انڈر رائٹنگ آؤٹ کم کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے ۔

- **میچوریٹی پر تحفظ**

پلان کی مدت ختم ہونے پر پالیسی ہولڈ ر کو پلان کی مدت کے دوران جمع شدہ کیش ویلیو ملے گی ۔

## اُجالا انشورنس پلان حاصل کرنے کے لیے مجھے کتنا پریمیئم ادا کرنا ہوگا ؟

اس پلان کے تحت پریمیئم کنٹری بیوشن 250,000 روپے سالانہ ہے ۔

## میرے پریمیئمز کو کس طرح ایلوکیٹ کیا جائے گا ؟

آپ کے پریمیئمز کو اُجالا انشورنس پلان میں مندرجہ ذیل طریقے سے ایلوکیٹ کیا جائے گا :

| پا لیسی کا سال | ایلوکیشن کا فیصد |
|---|---|
| پہلا سال | 50% |
| دوسرا سال | 85% |
| تیسرا سال | 90% |
| چوتھا سال اور اس سے آگے | 100% |

**ایڈ ہاك : 100%**

## کیا اس پلان میں کوئی بونس ایلوکیشن ہے ؟

اُجالا انشورنس پلان کے تحت چھٹے سال اور اس سے آگے ، جوبلی لائف انشورنس اپنے صارفین کو یونٹ اکاؤنٹ میں بونس ایلوکیشن فراہم کرے گا ۔ یہ ایلوکیشن مندرجہ ذیل ٹیبل کے مطابق فراہم کیا جائے گا ۔

| پالیسی کا سال | بونس ایلوکیشن |
|---|---|
| 6 سال اور اس سے آگے | 3% |

## اُجالاانشورنس پلان میں میرے پریمیئمز کو جوبلی لائف کیسے منظم کرے گی ؟

جوبلی لائف آپ کو یہ سہولت فراہم کرتا ہے کہ آپ اپنے پریمیئمز جزوی یا مکمل طور پر مندرجہ ذیل فنڈ (فنڈ ز) میں تقسیم کرسکتے ہیں :

| | |
|---|---|
| مینجڈ فنڈ | مینجڈ فنڈ کا مقصد متوازن پورٹفولیو میں سرمایہ کاری کر کے کیپیٹل کو بڑھانا ہے ۔ |
| میثاق فنڈ | میثاق فنڈ کا مقصد سود سے پاك منافع حاصل کرنا ہے ۔ |
| کیپیٹل گروتھ فنڈ | کیپیٹل گروتھ فنڈ کا مقصد مختلف انواع کے شیئرز ، ٹرم فنانس سرٹیفیکٹس اور بینک ڈپارٹس کے پورٹفولیو کے ذریعے منافع جات کو بڑھانا ہے ۔ |
| یقین گروتھ فنڈ | یقین گروتھ فنڈ کا مقصد کیپیٹل کی کٹوتی کے کم سے کم رسک کے ساتھ رواں منافع حاصل کرنا ہے ۔ |

آپ کے پریمیئمز کی سرمایہ کاری آپ کی پسند کے فنڈ ز ( مینجڈ فنڈ ، میثاق فنڈ ، کیپیٹل گروتھ فنڈ اور یقین گروتھ فنڈ ) میں کی جائے گی جسے ایکسپرٹ انویسٹمنٹ منیجرز منظم کریں گے اور اسے پریمیئم فنانشل سیکیورٹیز کا تحفظ حاصل ہوگا تاکہ قابلِ منظم رسک ایکسپوژر کے ساتھ بہتر منافع کے حصول کو یقینی بنایا جائے ۔

پلان کی مدت کے دوران آپ کے پریمیئمز پر سرمایہ کاری کا منافع حاصل ہوگا ۔ منتخب کی گئی مدت کے اختتام پر آپ کو مجموعی کیش ویلیو کی یکمشت رقم حاصل ہوگی ۔

نوٹ : ضروری نہیں کہ ان فنڈ ز کی ماضی کی کارکردگی، ان میں سے کسی بھی فنڈ کی مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرتی ہے ۔

## میں جوبلی لائف فنڈ کے یونٹ پرائسز سے متعلق معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں ؟

جوبلی لائف فنڈ (فنڈ ز ) کے یونٹ پرائسز تمام معروف ڈیلیز میں شائع ہوتے ہیں اور جوبلی لائف کی ویب سائٹ www.jubileelife.com پر دیکھے جاسکتے ہیں ۔

## کیا میں اُجالاانشورنس پلان کے تحت میرے انشورنس کور میں مزید اضافی تحفظ حاصل کر سکتا ہوں ؟

اُجالاانشورنس پلان ایک خاص پلان ہے جو آپ کو آپ کی ضروریات کے مطابق اور ایک جدید اضافی قیمت پر اضافی اختیاری رائڈرز کی ورائٹی میں سے اضافی تحفظ منتخب کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے ۔

| | |
|---|---|
| حادثاتی وفات | اس تحفظ کے تحت حادثے کی وجہ سے ہونے والی وفات کی صورت میں ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی ۔ |
| حادثاتی وفات یا ڈسممبر منٹ | اس تحفظ کے تحت حادثے کی وجہ سے ہونے والی وفات یا ڈسممبرمنٹ کی صورت میں ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی ۔ |
| تشویش ناك بیماری | وفات کی صورت میں قابلِ ادا رقم پیشگی دی جاتی ہے اگر آپ کو کوئی مخصوص میں سے ایک تشویش ناك بیماری تشخیص کی جاتی ہے ۔ |
| مستقل مکمل معذوری | مستقل مکمل معذوری کی صورت میں ، وفات پر قابل ادا رقم پیشگی ادا کی جاتی ہے ۔ |
| پریمیئم کی چھوٹ | اگر آپ کسی بیماری یا معذوری کی وجہ سے اپنی ملازمت کو کم سے کم چھ ماہ جاری نہیں رکھ سکتے یا کوئی دوسرا کام جو آپ کی قابلیت ، تربیت یا تعلیم کے لحاظ سے آپ کے لیے مناسب ہو وہ بھی کم ازکم چھ ماہ تک نہیں کرسکتے تو ایسی صورت میں اگلے پریمیئم کی آخری تاریخ سے آپ کاپریمیئم جوبلی لائف ادا کرے گا۔ |
| فیملی انکم | بار بار آنے والے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے ایک اضافی باقاعدہ آمدنی آپ کی فیملی کو ادا کی جائے گی ، جب تک کہ مدت ختم نہیں ہو جاتی ۔ وفات کی صورت میں یہ تحفظ دیگر تحفظات کے علاوہ ہے ۔ |
| جوبلی میڈی پل * | یہ رائڈ ر بیماری یا حادثے کی صورت میں مالی تحفظ فراہم کرتا ہے جو اسپتال میں داخلے کی صورت میں ان پیشنٹ اخراجات کے لیے سالانہ حد250,000 روپے تک تحفظ دیتا ہے ۔ مزید یہ کہ بیمہ شدہ شخص اپنے شریکِ حیات کے لیے بھی میڈی پل کا انتخاب کر سکتا ہے ۔<br>پالیسی ہولڈ ر کو یہ فائدہ حاصل ہوگا کہ وہ معیاری طبی امداد حاصل کرے گا اور ساتھ ہی اسے بغیر کوئی ادائیگی کیے کسی بھی منظور کردہ اسپتال میں پرائیویٹ روم حاصل ہوگا ۔<br>مزید تفصیلات کے لیے ، براہِ مہربانی جوبلی میڈی پل کے علیحدہ لیف لیٹ کا مطالعہ کریں ۔ |
| کینسر کور سپلیمنٹری تحفظ | اگر آپ کینسر کی بیماری میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو یہ تحفظ آپ اور آپ کی فیملی کو کوریج فراہم کرتا ہے تاکہ آپ مالیاتی بوجھ کی فکر سے آزاد ہو کر بیماری کے علاج اور صحت پر توجہ دے سکیں ۔ بیمہ کی رقم کی ادائیگی کا انحصار کینسر کی اسٹیج پر ہے ، کہ وہ ارلی اسٹیج پر ہے یا آخری اسٹیج پر ہے ۔ |
| دوسری طبی رائے کا حصول | اس آفر کے تحت آپ دنیا بھر میں سے کسی بھی اسپیشلسٹ کی رائے حاصل کرسکتے ہیں ، اس طرح آپ کو درست تشخیص اور علاج دستیاب ہوگا جو آپ کو اپنی زندگی کے بارے میں صحیح فیصلہ لینے میں مدد کرے گا ۔ |

* شرائط و ضوابط لاگو ہیں ۔

## کیا اجالا انشورنس پلان کے تحت میں اپنے فنڈ سے مجموعی رقم نکلوا سکتا ہوں ؟

جی ہاں ، اجالا انشورنس پلان کے تحت آپ اپنے فنڈ سے جزوی یا مکمل رقم نکلواسکتے ہیں ۔ آپ کے پاس مندرجہ ذیل آپشنز موجود ہیں :

- **جزوی رقم نکلوانا**

اگر آپ کسی شدید ضرورت کے تحت رقم نکلوانا چاہتے ہیں لیکن پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے تو ایسی صورت میں آپ کتنی بھی رقم نکلواسکتے ہیں ( نکالی گئی کم سے کم رقم سے مشروط ہے جو جوبلی لائف انشورنس کی طرف سے بتایا گیا ہو ) ، شرط یہ ہے کہ رقم نکالنے کے بعد آپ کی پالیسی کی باقی ماندہ رقم *250,000 روپے سے زائد یا مساوی ہو ۔ پالیسی کے پہلے دو سالوں کے دوران ، جزوی دستبرداری کے 5% چارجز کیش ویلیو پر لا گو ہونگے ۔ پا لیسی کے پہلے دو سالوں کے بعد جزوی دستبرداری کے یہ چارجز قابلِ اطلاق نہیں ہونگے ۔

جزوی رقم نکالنے کے باوجود آپ کو لائف کوریج ملتی رہے گی اگر چہ جزوی رقم نکالنے کے بعد آپ کی بیمہ شدہ رقم کم ہوجائے گی ۔

* باقی ماندہ ویلیو تبدیلی سے مشروط ہے اور جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کی طرف سے اس پر نظرثانی کی جاسکتی ہے ۔

- **پالیسی سے مکمل دستبرداری**

آپ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ آپ پالیسی سے کسی بھی وقت دستبردار ہو سکتے ہیں ۔ تاہم ، پالیسی کے پہلے دو سالوں کے دوران ، 5% چارجز کیش ویلیو پر لاگو ہونگے ۔ پالیسی کے پہلے دو سالوں کے بعد دستبرداری کے یہ چارجز قابلِ اطلاق نہیں ہونگے ۔

اگر آپ اُجالا انشورنس پلان میں لمبے عرصے تک سرمایہ کاری کرتے رہیں گے تو آنے والے سالوں میں بلند کیش ویلیو حاصل کر سکیں گے ۔ دستبردار ہونے کی صورت میں ، آپ کے فنڈ کی مکمل ادائیگی کی جائے گی۔ شروع کے سالوں میں دستبرداری کرنے پر کیش ویلیو کم مل سکتی ہے ۔

## کیا یہ پلان مجھے مہنگائی سے مقابلہ کرنے میں مدد کرے گا ؟

مہنگائی سے مقابلے کے لیے آپ کو اپنی پالیسی میں انڈ یکسیشن کا انتخاب کرنے کا اختیار حاصل ہے ۔ اس آپشن کا انتخاب کرنے پر آپ کا پریمیئم بڑھے گا جس کی وجہ سے کمپنی کی طرف سے تجویز کردہ حد تک ہر سال آپ کی بیمہ کی رقم بھی بڑھے گی ۔ تاہم ، اگر آپ چاہیں تو انڈیکسیشن کو منسوخ بھی کر سکتے ہیں۔

## کیا اجالا انشورنس پلان میں کوئی دیگر خود ساختہ خصوصیات موجود ہیں ؟

- آٹو میٹک کور مینٹیننس : اگر آپ پالیسی کے ایک سال کے بعد اپنے پریمیئم کی ادائیگی نہیں کر پاتے ہیں تو بھی آپ لائف انشورنس کور کے لیے اہل ہونگے ، جب تک کہ آپ کے پلان کی کیش ویلیو پالیسی کے چارجز کی ادائیگی کے لیے کافی ہے ۔
- ایڈ ہاك پریمیئم : کسی بھی سال جب آپ اپنے پلان میں اضافی کنٹری بیوشنز ادا کرنا چاہتے ہیں ، اجالا انشورنس پلان آپ کو موقع دیتا ہے کہ آپ اپنے موجودہ پریمیئم کنٹری بیوشن میں یہ اضافی کنٹری بیوشن شامل کردیں ، اس طرح آپ اپنی کیش ویلیو بڑھا سکتے ہیں ۔

## فری لُک پیریڈ

جوبلی لائف آپ کو 14 دنوں کا فری لُک پیریڈ فراہم کرتا ہے جس کے دوران آپ پالیسی کے شرائط و ضوابط کا مطالعہ کر سکتے ہیں اور چاہیں تو پالیسی کو منسوخ بھی کر سکتے ہیں ۔ آپ کا پریمیئم واپس کر دیا جائے گا اگر آپ پالیسی کے اجراء کی تاریخ سے 14 دنوں کے اندر منسوخی کے لیے تحریر ی درخواست فراہم کرتے ہیں ۔ برائے مہربانی نوٹ فرمالیں کہ جوبلی لائف حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ طبی معائنے ( اگر کوئی ہو ) پر ہونے والے اخراجات کی رقم کو کاٹ لے ۔

## کیا اجالا انشورنس پلان کے کوئی چارجز ہیں ؟

ابتدائی سالوں میں کم کردہ ایلوکیشن میں اضافے کے ساتھ پلان پر مندرجہ ذیل چارجز* قابلِ اطلاق ہیں :

- فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج
- 210 روپے ماہانہ ایڈ منسٹریشن فیس
- بڈ / آفر اسپریڈ 5%
- قابلِ اطلاق شرح اموات کے چارجز
- سال میں پہلے چار مفت سوئچز کے بعد 500 روپے فنڈ سوئچنگ چارجز
- پالیسی کے پہلے دو سال کے دوران 5% دستبرداری / جزوی دستبرداری لاگو ۔ پالیسی کے پہلے دو سال کے بعد کوئی چارجز لاگو نہیں ۔
- رائڈر چارجز ، آپ کے منتخب کردہ رائڈرز پر مبنی ہیں ۔

* تمام تبدیلیاں جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کی طرف سے قابلِ جائزہ ہیں ۔

## انتباہات

- یہ پروڈکٹ جوبلی لائف کی طرف سے تحریر کی گئی ہے ۔ بینک الفلاح یا اس کے الحاق ادارے اس کی ضمانت یا بیمہ نہیں دیتے ہیں اور نہ ہی یہ بینک الفلاح کی پروڈکٹ ہے ۔
- ضروری نہیں کہ جوبلی لائف فنڈ زکی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرتی ہو ۔ کوئی بھی پیش گوئی یا فنڈ ز کی کارکردگی مستقبل کی نشاندہی نہیں کرتی ہے اور نہ جوبلی لائف اور نہ ہی بینک الفلاح اس کا ذمہ دار ہوگا ۔
- ہمارے انشورنس کنسلٹنٹ آپ کو فوائد کی ایک پرسنلائزڈ السٹریشن فراہم کریں گے ۔ مختلف شرائط و ضوابط کو سمجھنے کے لیے برائے مہربانی السٹریشن میں دیئے گئے نوٹس کا اچھی طرح مطالعہ کریں ۔
- مختلف شرائط و ضوابط کو سمجھنے کے لیے برائے مہربانی پالیسی کی دستاویزات کا اچھی طرح مطالعہ کریں ۔
- آپ ذیلی فوائد حاصل کر سکتے ہیں اگر اجراء کے وقت بیمۂ زندگی حاصل کرنے والے شخص کی قریبی سالگرہ 55 ویں یا اس سے کم ہو ( علاوہ جوبلی میڈی پل ) ۔
- بینک الفلاح ، جوبلی لائف انشورنس کے ڈسٹری بیوٹر کی حیثیت سے کام کررہا ہے اور کسی بھی شخص، بشمول لیکن محدود نہیں ، بیمہ شدہ صارف ( صارفین ) ، بینیفیشری ( بینیفیشریز ) یا کسی بھی تیسرے فریق کے لیے کسی بھی طرح سے ذمہ دار نہ ہے اور نہ ہوگا ۔
- اس انشورنس پالیسی کا انڈ ر رائٹر اور پروائڈ ر جوبلی لائف ہے اور بیمہ شدہ صارف ( صارفین ) یا بینیفیشری ( بینیفیشریز ) کے کلیمز کی ادائیگی کے لیے ذمہ دار ہوگا ۔
- انویسٹمنٹ رسک کو برداشت کرنے کا ذمہ دار خود پالیسی ہولڈ ر ہوگا اور اصل میچوریٹی یا دستبرداری کی ویلیوز ، پروجیکٹڈ فیگرز سے کم یا زیادہ ہو سکتی ہیں ۔
- انڈر لائنگ فنڈ ز کے ٹارگٹ ایسیٹ مکس کے لیے ، برائے مہربانی کمپنی کی ویب سائٹ دیکھیں : (http://jubileelife.com/investor-relations/investors-outlook/)

## رابطے کی تفصیلات

کسی بھی شکایت یا مزید تفصیلات کے لیے آپ رابطہ کر سکتے ہیں :
**جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ**
ہیڈ آفس : 74/1-A ، لالہ زار ، ایم ۔ ٹی خان روڈ ، کراچی ـ74000 ، پاکستان
فون :(021) 32120201, 35205095
فیکس : (021) 35610959
ای میل :info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com
یو اے این :554 111 111 (021) ایس ایم ایس : 8398 پر'JUBILEELIFE' لکھ کر بھیجیں
ویب سائٹ : www.jubileelife.com

111 225 111 | bankalfalah.com
YouTube /BankAlfalah /BankAlfalahOfficial /bank_alfalah /@BankAlfalahPAK